ilmkidunya
علم کی دنیا

# Tarjuma Tul Quran Majeed - FSc Part 2 Tarjmatul Quran Chapter 3 Short Questions Test

Q1. سورۃ التوبہ کو سورۃ التوبہ کیوں کہا جاتا ہے.

**Ans 1:** اس سورت کو سورۃ التوبہ اس لیے کہا جاتا ہے کہ اس میں ان چند صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہ کی توبہ قبول ہونے کا زکر ہے جو کسی وجہ سے غزوہ تبوک کی مہم میں شریک نہ ہوسکے اور بعد میں انھوں نے اپنی اس غلطی کا اعتراف کرتے ہوئے سچی توبہ کی.

---

Q2. سورۃ البقرہ میں کن برائیوں کی سخت مذمت بیان کی گئی ہے.

**Ans 1:** سورۃ البقرہ میں جن برائیوں کی سخت مذمت بیان کی گئی ہے ان میں سے ایک سود ہے. سورۃ البقرہ میں سود کو اللہ تعالی اور حضرت ﷴ رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف جنگ قرار دیا گیا ہے. سود ایک ایسی معاشرتی برائی ہے جس کی وجہ سے معاشرہ غربت، سستی، فضول ٌخرچی اور تنگ دلی کا شکار ہوجاتاہے- . سود کی وجہ سے امیر اور غریب کے درمیان فرق بڑھتا ہی چلا جاتا ہے. سود ادا کرنے والے مجبور لوگ کئی بار خود کشی جیسا بڑا گناہ کر بیٹھتے ہیں

---

Q3. حضرت ابراہیم علیہ السلام کی کیا خصوصیت ہے.

**Ans 1:** حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش کا واقعہ بیان فرمایا گیا ہے تاکہ انسان کو اپنی پیدائش کا مقصد معلوم ہو.

---

Q4. سورۃ ال عمران مین کن دو گروہوں سے خطاب ہے.

**Ans 1:** سورۃ ال عمران کا خطاب خصوصیت کے ساتھ دو گروہوں کی طرف ہے. 1- ایک اہل کتاب یعنی یہودی اور مسیحی 2- دوسرے وہ لوگ جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین پر ایمان لائے.

---

Q5. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے سورہ البقرہ کے بارے میں کیا فرمایا.

**Ans 1:** سورۃ البقرہ قرآن مجید کی سات طوریل سورتوں میں سب سے بڑی سورت ہے- ان سورتوں کے متعلق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جس نے قرآن مجید کی سات طویل سورتوں کے علم کو حاصل کرلیا وہ بہت بڑا عالم بن گیا.

---

Q6. سورۃ الانفال کے مضامین کے دو نکات تحریر کریں

**Ans 1:** 1- غزوہ بدر میں فرشتوں کے نزول کے زریعے اللہ تعالی کی غیبی مدد کا تزکرہ کیا گیا ہے- 2- سورت کے آغاز میں مسلمانوں کو تقویٰ ، اطاعت ھق، زکر الہی اور اللہ تعالی پر توکل کی تعلیم دی گئی ہے.

---

Q7. سورۃ التوبہ میں کل کتنی آیات ہیں

**Ans 1:** سورۃ التوبہ میں کل ایک سو انتیس آیات ہیں

---

Q8. غزوہ بدر کا کیا نتیجہ نکلا؟

**Ans 1:** بدر کے مقام پر دونوں لشکروں کا مقابلہ ہوا- مسلمانوں کی تعداداور سازوسامان دشمنوں کے مقابلےمیں بہت کم تھا لیکن اللہ تعالی کے فضل و کرم سے مسلمانوں کو

شاندار فتح حاصل ہوئی- ابوجہل سمیت قریش کے ستر سردار مارے گئے ، ستر افراد گرفتار ہوئے اور باقی لوگ میدان جنگ سے بھاگ کھڑے ہوئے.

Q9. سورۃ التوبہ کون سی سورت ہے.

**Ans 1:** سورۃ التوبہ مدنی سورت ہے.

Q10. غزوہ احد کو مختصرا بیان کریں

**Ans 1:** غزوہ احدحق و باطل کے درمیان برپا ہونے والا دوسرا بڑا معرکہ ہے- یہ غزوہ سات شوال المکرم تین ہجری بروز ہفتہ مدینہ منورہ کے قریب احد نامی پہاڑ کے پاس ہوا- یہ غزوہ مشرکین مکہ کے خلاف لڑا گیا- مسلمانوں کی قیادت حضرت ﷴ صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے فرمائی. جب کہ مشرکین مکہ کا سردار اس غزوہ مین ابو سفیان تھا. تین ہزار افراد پر مشتمل مشرکین مکہ کا لشکر بھر پور تیاری سے مسلمانوں پر حملہ آور ہوا - غزوہ احد میں کفار کے مقابلے میں مسلمانوں کی تعداد ایک ہزار سے بھی کم تھی لیکن ان کے حوصلے بلند اور ایمان مضبوط تھا.